سوال نمبر: 10740

منجانب: محترمہ نعیمہ کشور خان، ایم پی اے

کیا وزیر توانائی و برقیات ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخواہ میں بجلی کی ٹرانسمیشن لائن نہایت بوسیدہ اور پرانی ہو چکی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس سے بجلی کے ضیاع کے ساتھ حادثات بھی رونما ہو رہے ہیں۔

اگر (ا) و (ب) کے جوابات اثبات ہیں ہو تو حکومت نے اس کو حل کرنے کے لیے واپڈا کے ساتھ ملکر کیا اقدامات کیئے ہیں نیز ٹرانسمیشن لائن کی اپ گریڈیشن کے لیے کیا اقدامات کر رہی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

جواب: (ا) و (ب)

جی ہاں! صوبہ خیبر پختونخواہ میں بجلی کی ٹرانسمیشن لائن نہایت بوسیدہ اور پرانی ہو چکی ہے جسکی وجہ سے بجلی کے ضیاع کے ساتھ حادثات اور لوڈشیڈنگ بھی ہو رہی ہے۔ ان مسائل کو حل کرنا اور اقدامات اٹھانا واپڈا/پیسکو کی زمہ داری ہے اس لیے ان سوالات کا مناسب جواب چیف پیسکو سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

اس ضمن میں صوبے میں بجلی اور ٹرانسمیشن لائن کے مسائل کو حل کرنے کے لیے پیڈو/ادارہ توانائی و برقیات پیسکو سے مسلسل رابطے میں ہے اور اس سلسلے میں صوبائی حکومت نے اپنی علیحدہ ٹرانسمیشن و گرڈ کمپنی بھی قائم کر دی ہے، جو صوبے میں بجلی کے مسائل کو حل کرنے موثر کردار ادا کرے گی۔

Scanned with CamScanner